# فلسطین پر اسرائیلی مظالم اور امریکا کی منافقت

## امریکا فلسطینیوں پر اسرائیلی مظالم سے چشم پوشی اختیار کیے ہوئے ہے



**احمد رضا میرا سات سالہ بھانجا ہے۔ کہانیاں سننا اس کا محبوب مشغلہ ہے۔ اس کے پاس ہر وقت سوالوں کی پٹاری موجود رہتی ہے۔ کب، کیوں، کہاں، کون، کیسے اور کدھر، جیسے الفاظ تو جیسے اس کا تکیہ کلام ہیں۔ سوالات کی نوعیت کچھ اس طرح کی ہوتی ہے کہ مینار پاکستان دیکھنے کے بعد موصوف نے پہلا سوال یہ کیا کہ یہاں اذان کون دیتا ہے؟**

آج بہت عجیب واقعہ ہوا۔ میں اپنی اسٹڈی ٹیبل پر مطالعہ کر رہا تھا کہ احمد رضا کمرے میں داخل ہوا۔ کتابوں کی الماری سے چند کتابیں دیکھیں اور پھر رکھ کر میرے پاس آ گیا۔ ٹیبل کی دراز کھول کر اس میں سے چند تصاویر نکال کر دیکھنے لگا۔ میں چونکہ مطالعے میں مصروف تھا تو مجھے مخاطب کر کے بولا ''ماموں! یہ کس کی تصویر ہے؟'' میں نے بتایا کہ یہ امریکا کی ایک فیملی کی تصویر ہے اور دوبارہ مطالعے میں مصروف ہو گیا۔ احمد رضا نے اس تصویر کے بارے میں جاننے پر اصرار کیا۔ میں نے کتاب کو بند کیا اور احمد کو تصویر کے بارے میں بتانا شروع کیا۔

''اس تصویر میں تین کردار ہیں۔ **32** سالہ بل، **8** سالہ بیٹا جم اور ان دونوں کا پالتو کتا ٹم۔

ہوا کچھ یوں کہ ویک اینڈ پر بل اپنے پالتو کتے کے ساتھ گھر کے لان میں کھیل رہا تھا۔ وہ بیٹ سے بال کو ہلکا سا ہٹ کرتا اور ٹم بھاگتا ہوا جاتا اور بال کو اپنے منہ سے اٹھا کر لے آتا۔ یہ معمول جاری تھا کہ اچانک ٹم اپنے مالک بل سے خفا ہو گیا اور ایک سائیڈ پر خاموشی سے بیٹھ گیا۔ اتنے میں بل کا بیٹا جم باہر سے آیا اور آ کر ٹم کو پکڑنے کیلیے آگے بڑھا۔ چونکہ ٹم غصے میں تھا، سو اس نے جم پر حملہ کر دیا اور جم کے نازک گالوں میں ٹم کے نوکیلے دانت نقش ہو کر رہ گئے۔ بل چونکہ باپ تھا، وہ اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکا۔ اس نے بلا اٹھایا اور ٹم کے سر پر وار کیا۔ یہ سارا ماجرا ان کا ایک ہمسایہ دیکھ رہا تھا۔ اس نے پولیس اور ایمبولنس کو کال کی۔ ابھی جم کی فرسٹ ایڈ مکمل نہیں ہوئی تھی کہ پولیس ایمبولنس اور جانوروں کے حقوق کی تنظیمیں پہنچ گئیں۔ لیکن بہت دیر ہو چکی تھی کیونکہ ٹم مر چکا تھا۔''

''اُف!'' احمد رضا کے منہ سے بے ساختہ نکلا۔ احمد بہت دلچسپی سے کہانی سن رہا تھا۔ اسٹول کو ٹیبل کے مزید نزدیک کر کے اس نے معصومانہ انداز میں پوچھا ''پھر کیا ہوا؟''

''پھر بل کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ امریکا میں بل کو سخت سے سخت سزا دینے کیلیے شہریوں اور جانوروں کے حقوق کی تنظیموں نے بھرپور مظاہرے اور احتجاج کیے۔ کورٹ میں یہ کیس بل، ٹم کے نام سے چلا۔ اخبارات نے اس پر اداریے لکھے، ٹی وی چینلز نے تبصرے اور تجزیے نشر کیے۔ آخرکار بل کا نفسیاتی معائنہ کر کے یہ بات ثابت کی گئی کہ وہ ایک نفسیاتی مریض ہے اور اسے اس بات پر رہا کیا گیا کہ وہ اپنی باقی تمام زندگی کتوں کی دیکھ بھال اور ان کی خدمت کیلیے وقف کرے گا۔''

کہانی سننے کے بعد احمد نے اس پر ہلکا سا تبصرہ بھی کیا۔ ''امریکا میں جانوروں کے حقوق اتنے محفوظ ہیں تو انسانوں کے تو اور بھی زیادہ محفوظ ہوں گے۔'' اسے امریکا کا کردار بہت اچھا لگا اور کہنے لگا ''ماموں! آئی لو امریکا''۔

احمد رضا نے دوسری تصویر آگے بڑھائی اور اس کی کہانی سنانے کی فرمائش کی۔ میں اس تصویر کی کہانی اسے نہیں سنانا چاہتا تھا لیکن اس کا اصرار ضد کی شکل اختیار کر گیا سو کہانی سنانی پڑی۔

''اس تصویر میں بچے اور خواتین خون میں لت پت پڑے ہیں، خون کی ندیاں بہہ رہی ہیں۔ یہ جاپان کے علاقے ہیروشیما اور ناگاساکی کی تصویر ہے۔ کسی بات پر جب جاپان اور امریکا میں حالات کشیدہ ہوئے تو امریکا نے غصے کا مظاہرہ کرتے ہوئے جاپان پر ایٹم بم گرا دیے اور وہاں پھر یہ حال ہوا کہ کئی برسوں تک زمین میں نہ فصل اُگی اور نہ ہی وہاں صحت مند بچے پیدا ہوئے۔''

احمد نے خود ہی تصویر سائیڈ پر رکھی اور کہا ''امریکا بہت طاقتور بھی ہے''۔

اب اس نے تیسری تصویر میرے سامنے رکھی۔ پانی کا ایک گھونٹ پیا اپنی کہنیاں میز پر رکھ کر اپنے ہاتھوں پر چہرے کو ایڈجسٹ کیا اور معصومانہ انداز میں بولا ''ماموں! پلیز؟''

''یہ تصویر بھی کوئی اتنی خوبصورت نہیں۔ یہاں بھی خون کی ہولی کھیلی جا رہی ہے۔ تصویر میں جس کا سر ہے اس کا دھڑ نہیں اور جس کا دھڑ ہے اس کا سر نہیں۔ کہیں تو مائیں بچوں کے جسم کے ٹکڑے اٹھائے رو رہی ہیں، تو کہیں بچے ماؤں کی لاشوں پر آنسو بہا رہے ہیں۔ کسی جگہ اولاد اپنے والدین کی لاشوں کی متلاشی ہے تو کسی جگہ بزرگ والدین اپنی نوجوان اولاد کو کمزور کندھوں پر اٹھائے دفنانے جا رہے ہیں۔ کہیں مساجد مسمار پڑی ہیں، تو کہیں اسکولز اور کالجز کھنڈرات کا منظر پیش کر رہے ہیں۔ اس تصویر میں مساجد، اسکولز، کالجز، یونیورسٹیز اور اسپتالوں پر بم برسائے جا رہے ہیں۔

یہ تصویر فلسطین کی ہے جس پر یہ سارا ظلم و ستم اسرائیل کر رہا ہے۔ رمضان المبارک کی عظیم شب کو جب فلسطینی مسجد اقصیٰ میں عبادت کر رہے تھے تو اسرائیل نے وہاں بم گرائے اور دہشت گردانہ حملے شروع کر دیے۔ وہاں درجنوں شہادتیں ہوئیں، ہزاروں زخمی اور ہزاروں ہی بے گھر ہوئے۔

مسجد اقصیٰ چونکہ ہمارا قبلہ اول ہے، اس لیے ہم مسلمان اسے چھوڑنا نہیں چاہتے اور ظلم و ستم برداشت کر رہے ہیں۔''

احمد نے میری بات کاٹتے ہوئے کہا ''ماموں جب امریکا کو پتا چلے گا، پھر پتا چلے گا اسرائیل کو کہ وہ کیسے ظلم کرتا ہے۔''

میں نے احمد کو امریکا کے خواب غفلت کے بارے میں بھی بتایا۔ وہ بہت حیران ہوا۔ میں نے اس کے ہاتھ سے تصویروں کا البم لیا اور دراز میں رکھ دیا کیونکہ ابھی برما، کشمیر، افغانستان، عراق، بوسنیا اور چیچنیا کی تصویریں موجود تھیں۔

احمد یہ کہتا ہوا کمرے سے چلا گیا کہ ''امریکا اتنا طاقتور اور حقوق کا پاسدار ہونے کے باوجود خاموش کیوں ہے؟''

ابوبکر سید زادہ

---

# انسانیت سے پیار

تحریر...

**حافظ عزیز احمد**

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن اللہ رب العزت فرمائے گا: آدم کے بیٹے! میں بیمار ہوا تو نے میری بیمار پرسی نہ کی۔ وہ کہے گا اے میرے رب میں آپ کی بیمار پرسی کیسے کرتا حالانکہ تو رب العلمین ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا تجھے معلوم نہیں کہ میرا فلاں بندہ بیمار ہوا تھا تو نے اس کی عیادت نہ کی۔

کیا تجھے معلوم نہیں کہ اگر تو اس کی عیادت کے لئے جاتا تو تو مجھے اس کے ہاں پاتا۔ آدم کے بیٹے! میں نے تجھ سے کھانا مانگا تو نے مجھے کھانا ہی نہ دیا۔ وہ کہے گا: میرے رب میں آپ کو کیسے کھلاتا جبکہ آپ تو رب العلمین ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میرے فلاں بندے نے تجھ سے کھانا مانگا تو نے اس کو کھانا نہ کھلایا۔

کیا تجھے معلوم نہیں کہ اگر تو اس کو کھانا کھلا دیتا تو اس کو میرے ہاں پاتا۔

اے آدم کے بیٹے! میں نے تجھ سے پانی مانگا تو نے مجھے پانی نہ پلایا۔ وہ کہے گا: میرے رب میں تجھے کیسے پانی پلاتا تو تو رب العلمین ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میرے فلاں بندے نے تجھ سے پانی مانگا تو نے اُسے پانی نہ پلایا۔ کیا تجھے معلوم نہیں کہ اگر تو اس کو پانی پلا دیتا تو تو اسے میرے ہاں پاتا۔ (رواہ مسلم)

قابل احترام سامعین! آج کی زیر مطالعہ حدیث پاک جسے امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حوالہ سے اپنی صحیح میں روایت کیا ہے، ہمیں دین اسلام کے مزاج اور اس کے دینی تصور سے آگاہی بخشتی ہے۔

بات روز قیامت کی ہے مگر بیمار پرسی، کھانا کھلانا اور پانی پلانا سب دنیوی معاملات ہیں۔ اور اللہ رب العزت الٰہی کا حوالہ دے کر آدم کے بیٹے سے مخاطب ہے۔ یہ بھی ظاہر ہے کہ حدیث پاک میں ابن آدم سے مراد کوئی خاص آدمی نہیں بلکہ ہر وہ شخص ہے جو ان عمومی نیکیوں سے دنیا میں محروم رہا۔ ہمارے دین میں ہمدردی، غمخواری، ایثار و قربانی، رواداری الفت و محبت اور بوقت ضرورت ایک دوسرے کے کام آنا، ایک دوسرے کی مدد کرنا، دکھ درد میں شریک ہونا اور خوشیوں اور مسرتوں کو بانٹنا اور دیگر اعلیٰ اخلاق کو بنیادی اقدار کی حیثیت حاصل ہے۔

اس نے ہمیں یہ بھی بتا رکھا ہے کہ اللہ جل جلالہ کی رضا اور خوشنودی کا راستہ اُس کے کنبے یعنی خلق خدا کی خدمت کے اندر سے نکلتا ہے۔ عقائد و عبادات کی اہمیت سے کسی کو انکار نہیں۔ مگر معاملات اور اخلاقیات بھی میزان عدل میں بڑا وزن رکھتے ہیں۔ میدان حشر میں یہ بے بہا قیمت کے حامل ہوں گے اور انسان کے سرخرو ہونے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

زیر مطالعہ حدیث مبارک میں اللہ عزوجل اور بندے کے درمیان جس گفتگو کو رسول دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نقل فرمایا ہے اور جس طرح کے سوالات و جوابات اور ان کی توضیح ہوئی ہے، بڑی چشم کشا بھی ہے اور دلربا بھی۔

ایک بندہ نادار کی کیا وقعت اور کیا مقام ہے کہ خالق ارض وسما اس کی بیماری کو اپنی بیماری، اس کی بھوک کو اپنی بھوک اور اس کی پیاس کو اپنی پیاس قرار دے رہا ہے۔ فرما رہا ہے کہ اے ابن آدم تو اتنا بے ہمت تھا کہ میں بیمار ہوا اور تو طبع پرسی کے لئے نہ آ سکا۔ مجھے بھوک لگی، میں نے تجھ سے کھانا مانگا۔ تو اس قدر بخل کر گیا کہ کھانا نہ دیا اور ہاں مجھے پیاس لگی، تجھ سے پانی مانگا تو اتنا تھڑدلا نکلا پانی تک مجھے نہ دے سکا۔

ذرا سوچئے یہ سب کیا ہے؟ یہ دراصل کنایہ ہے اس بات کا کہ انسان اتنا تنگ دامن اور پتھر دل ہے کہ احتیاج وضرورت کے ایسے مواقع پر جہاں پتہ پانی ہو جاتا ہے، یہ ٹس سے مس نہیں ہوتا۔ کسی کی طبع پرسی پر کیا خرچ آتا ہے اور کتنا وقت صرف ہوتا ہے، کچھ بھی تو نہیں مگر انسان ہے کہ اپنی برائے نام مصروفیت کو بہانہ بنا کر اپنے بھائی، دوست یا پڑوسی کی تیمارداری کے لئے نہیں جا سکتا۔

وہ نہیں جانتا کہ بظاہر یہ چھوٹا سا عمل کتنا گرانقدر ہے۔ اللہ کے فرشتے صبح و شام اس کے لئے اس عمل کی بنا پر دعاء گو رہتے ہیں۔ یہی صورت حال کسی کو کھانا کھلانے اور پانی پلانے کی ہے۔ اللہ رب العزت کے خطاب کی نوعیت واضح طور پر بتلا رہی ہے کہ یہ کسی پیشہ ور گداگر کی بات نہیں ہو رہی۔ بلکہ اس طبقہ افراد کی بات ہے جنہیں انسان اچھی طرح جانتا پہچانتا ہے اور پھر بھی ان کی ضروریات کے سدباب سے اغماض برتتا ہے اور استطاعت کے باوجود کنارہ کشی کر جاتا ہے۔

آیئے پھر حدیث پاک کے الفاظ کی طرف لوٹتے ہیں۔ جب اللہ پاک اپنے بیمار ہونے، بھوکا ہونے اور پیاسا ہونے کی بات آدم کے بیٹے سے کرے گا تو یہ اپنے تئیں سیانا آدمی جواب میں کہے گا۔ میرے رب تو تو رب العلمین ہے۔ تو ساری خلق کو شفا بانٹتا ہے ساری مخلوق کو کھانا دیتا اور پانی پلاتا ہے، تجھے بیماری، بھوک اور پیاس کیسی؟

سامعین محترم! اب جو جواب آ رہا ہے خالق کائنات کی طرف سے، وہ پوری توجہ اور دھیان سے سننے کے قابل ہے۔

اللہ پاک فرمائیں گے۔ بھولے بندے، اگر تو اپنے جیسے اس انسان کی بیمار پرسی کو جاتا جو بیمار تھا تو مجھے اس کے پاس پاتا۔ مطلب یہ ہے کہ تیرے سینے میں اگر پتھر کا دل تھا یا تو میرے بندے کو کم حیثیت سمجھ کر اس کی عیادت کو نہ آیا تو یہ تیرے ظرف کی بات تھی، میں رب العلمین تو اس کے پاس تھا۔ اللہ اکبر، اس جملے میں ایک بیمار آدمی کے لئے اگر سوچا جائے تو تسلی کا بڑا سامان موجود ہے کہ وہ اکیلا نہیں ہے، اس کا رب اس کے پاس ہے، وہ بے سہارا نہیں، اس کے پاس بڑا سہارا موجود ہے۔

اور ہاں دیکھو اگر تم اس بھوکے اور پیاسے آدمی کو کھانا کھلا دیتے اور پانی پلا دیتے تو تم دیکھتے کہ میں اس وقت بھی اپنے اس بندے کے پاس موجود تھا۔ اس گفتگو کے بعد کیا ہوا۔ حدیث پاک میں اس بات کا تذکرہ نہیں ہے۔ کیونکہ دراصل یہ ایک تمثیل ہے جس میں لاچار و نادار لوگوں کی اہمیت کو واضح کیا گیا ہے۔ انسان سمجھ بیٹھتا ہے کہ ایسے کمزور، نان شبینہ کے محتاج اور پانی کے گھونٹ گھونٹ کو ترسنے والے لوگ اس کے کس کام آ سکتے ہیں کہ ان کے ساتھ بھلائی کا معاملہ کیا جائے۔

**یہ ایک ایسی سوچ ہے جس کے پیچھے تکبر و نخوت اور مال و دولت کے غرور کے زہریلے جراثیم موجود ہیں۔ ان کا قلع قمع کرنے کے لئے معاشرے کے غرباء، ضعفاء، مفلوک الحال، تنگدست ولاچار لوگ بڑے معاون اور مددگار ثابت ہو سکتے ہیں لہٰذا انہیں کسی طور لاچار اور ناتواں سمجھ کر نظر انداز نہ کیا جائے۔ زندگی میں یہ مواقع اکثر و بیشتر ملتے رہتے ہیں۔ انہیں معمولی سمجھ کر چھوڑ دینا قطعاً عقلمندی اور دانش مندی نہیں ہے۔ روز قیامت ان کی بہت بڑی قیمت لگنے والی ہے۔ کہیں پشیمانی کا باعث نہ بن جائے۔ بیمار کے پاس ایک میٹھا بول اور بھوکے پیاسے کو دیا جانے والا ایک نوالہ اور ایک گھونٹ ابدی کامرانی اور کامیابی کی نوید بن سکتا ہے۔ اللہ پاک سے اس کی توفیق مانگتے رہیں۔**




نزول قرآن کا مبارک مہینہ

| تاریخ/ رمضان | دن | ختم سحری | افطار | تاریخ/ رمضان | دن | ختم سحری | افطار |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 19 فروری ۱ رمضان | جمعرات | 5:49 | 6:21 | 6 ۱۶ | جمعہ | 5:31 | 6:34 |
| 20 ۲ | جمعہ | 5:48 | 6:22 | 7 ۱۷ | سنیچروار | 5:30 | 6:34 |
| 21 ۳ | سنیچروار | 5:47 | 6:23 | 8 ۱۸ | اتوار | 5:28 | 6:35 |
| 22 ۴ | اتوار | 5:46 | 6:24 | 9 ۱۹ | سوموار | 5:27 | 6:36 |
| 23 ۵ | سوموار | 5:45 | 6:24 | 10 ۲۰ | منگلوار | 5:26 | 6:37 |
| 24 ۶ | منگلوار | 5:44 | 6:25 | 11 ۲۱ | بدھوار | 5:25 | 6:38 |
| 25 ۷ | بدھوار | 5:42 | 6:26 | 12 ۲۲ | جمعرات | 5:24 | 6:38 |
| 26 ۸ | جمعرات | 5:41 | 6:27 | 13 ۲۳ | جمعہ | 5:23 | 6:39 |
| 27 ۹ | جمعہ | 5:40 | 6:28 | 14 ۲۴ | سنیچروار | 5:20 | 6:40 |
| 28 ۱۰ | سنیچروار | 5:39 | 6:29 | 15 ۲۵ | اتوار | 5:19 | 6:41 |
| 1 مارچ ۱۱ | اتوار | 5:38 | 6:30 | 16 ۲۶ | سوموار | 5:18 | 6:42 |
| 2 ۱۲ | سوموار | 5:37 | 6:31 | 17 ۲۷ | منگلوار | 5:17 | 6:42 |
| 3 ۱۳ | منگلوار | 5:36 | 6:32 | 18 ۲۸ | بدھوار | 5:15 | 6:43 |
| 4 ۱۴ | بدھوار | 5:34 | 6:33 | 19 ۲۹ | جمعرات | 5:14 | 6:44 |
| 5 ۱۵ | جمعرات | 5:33 | 6:33 | 20 ۳۰ | جمعہ | 5:12 | 6:45 |

### نقشہ ھذا سے گھٹائیں

اسلام آباد: 2 منٹ | پلوامہ : 1 منٹ | پھلگام: 3 منٹ | ترال : 2 منٹ
کُد: 2 منٹ | کولگام: 1 منٹ | لیھہ: 11 منٹ | ھرموکھ : 1 منٹ

### نقشہ ھذا سے بڑھائیں

اوڑی: 3 منٹ | بارھمولہ: 1 منٹ | بانڈی پورہ: 2 منٹ | پونچھ: 2 منٹ
ٹنگمرگ: 1 منٹ | ٹیٹوال: 4 منٹ | سوپور: 1 منٹ | کرناہ: 4 منٹ

